# زرعی زمین اور کھجور کے باغ کے اور غیر آباد زمین کے ٹھیکے کی شرائط وضوابط

-1 زرعی زمین اور کھجور کے باغ اور غیر آباد کی فصل کا ٹھیکہ دو سال کے لئے (مورخہ: 01 اکتوبر 2026 تا 30 ستمبر 2028) تک ہوگا۔

-2 زرعی زمین اراضی تقریبا 06 ایکڑ، کھجور کا باغ (ہائی پاور ٹرانسمیٹر کی بلڈنگ کے اندر اور باہر تمام درخت شامل ہیں) اراضی تقریبا 08 ایکڑ اور غیر آباد زمین تقریبا 19 ایکڑ کی بولی نیلامی میں شامل ہونے کے لئے مبلغ =/100000 روپے کا بنک ڈرافٹ بنام ڈپٹی کنٹرولر، پی بی سی، ایچ پی ٹی، خیرپور جمع کروانا ہوگا۔ جو کہ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ دیگر تمام افراد کو واپس کر دیا جائیگا۔

-3 ٹھیکہ منظور ہوتے وقت مالی ضمانت یا سکیورٹی کے طور پر مبلغ =/300000 روپے ڈپٹی کنٹرولر، پی بی سی، ایچ پی ٹی، خیرپور کے پاس جمع کروانے ہونگے۔ زیر ضمانت کی رقم آخری قسط میں شامل کی جائے گی۔

-4 کامیاب امیدوار کو ٹوٹل رقم پر سرکاری ریٹ کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔

-5 سالانہ رقم اقساط میں (ہر چار ماہ بعد (ایڈوانس چیکس کی صورت میں مذکورہ بالا دونوں سال کے لئے درج ذیل شیڈول کے مطابق جمع کروانے ہونگے، اس کے علاوہ اگلی واجب الادا قسط کے دستخط شدہ ایڈوانس چیکس مندرہ ذیل تاریخوں کے مطابق بنام اسٹیشن ڈائریکٹر پی بی سی خیرپور پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کو جمع کروانے ہونگے۔

-6 زرعی زمین کا آبیانہ ریڈیو پاکستان (پی بی سی) ادا کرے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱- پہلی قسط | یکم اکتوبر 2026 (معاہدے کے ساتھ) | ۲- دوسری قسط | یکم فروری 2027 |
| ۳- تیسری قسط | یکم جون 2027 | ۴- چوتھی قسط | یکم اکتوبر 2027 |
| ۵- پانچویں قسط | یکم فروری 2028 | ۶- چھٹی قسط | یکم جون 2028 |

-7 ٹھیکیدار کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ زرعی زمین میں کسی بھی فصل کی کاشت کر سکتا ہے۔ لیکن دھان کی کاشت کرنے پر ممانعت ہوگی، واٹر کورس کی صفائی اور کھدائی کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔

-8 مذکورہ زرعی زمین اور کھجور کے باغ اور غیر آباد زمین پر کسی بھی قسم کی پکی تعمیر کی اجازت نہیں ہوگی۔

-9 ٹھیکے کا معاہدہ حکومت کے جاری شدہ 200 روپے اسٹامپ پیپر پر کرنا ہوگا، جسے ٹھیکیدار از خود خریدے گا اور اس کے ساتھ اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بھی جمع کروانا ہوگی۔ ریڈیو پاکستان کی مذکورہ زمین پر کھجور کی تیاری کے لئے "پڑ" بنانے کا اختیار ٹھیکیدار کو حاصل ہوگا۔

10 کامیاب بولی دہندہ کو متعلقہ پولیس اسٹیشن سے کردار کا سرٹیفیکیٹ حاصل کر کے جمع کروانا لازمی ہوگا۔

11 ٹھیکیدار کو چاہئے کہ ساری فصل اور اس میں استعمال ہونے والی مشینری یا سامان وغیرہ سکیورٹی اسٹاف کی نگرانی میں لانا اور لے جانا/اندراج کرنا پڑے گا، اس کے علاوہ ٹھیکیدار یا اس کے مزدوروں کو سورج ڈھلنے کے بعد سکیورٹی ایریا میں اندر آنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

12 مذکورہ زمین میں کیلا منڈی یا اینٹوں کا بھٹہ لگانے کی اجازت نہیں ہوگی، صرف اور صرف اس قطعہ اراضی میں زرعی فصل کی کاشت کی جا سکتی ہے۔

13 ٹھیکے کی حتمی منظوری صدر دفتر اسلام آباد کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

14 ڈی جی، پی بی سی کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ بغیر کسی سبب بتائے، کسی بھی بولی کو نیلامی کو مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

15 غیر آباد زمین میں لکڑیوں کی منڈی / بھوسہ رکھنا / پھولوں کی نرسری / کھجور سکھانے کے لئے پڑ کیلئے استعمال کی جا سکتی ہے، مگر پکی تعمیر نہیں کی جا سکتی۔

16 غیر آباد زمین پر کاروبار کے متعلق پی بی سی آفس کو تفصیل فراہم کئے جائنگے۔

(ڈپٹی کنٹرولر)
پی بی سی، ایچ پی ٹی خیرپور